**04.08.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

**Music**

..........................................................................

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، تین ملکوں فجی، نیو زیلینڈ اور تمور لیستے کے دورے پر روانہ ہوئیں۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ نئے فوجداری قوانین میں، سزا کے بجائے انصاف پر توجہ دی گئی ہے۔

☆ بھارتی محکمۂ موسمیات نے راجستھان، گجرات، مہاراشٹر اور مدھیہ پردیش میں موسلا دھار بارش کے پیش نظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ بنگلہ دیش میں حکومت کے استعفے کے مطالبے پر، تازہ جھڑپوں میں کم سے کم 55 افراد ہلاک ہوگئے۔

☆ اور...... پیرس اولمپکس میں بھارت کی ہاکی ٹیم، پنلٹی شوٹ آؤٹ میں برطانیہ کو چار- دو سے ہراکر سیمی فائنل میں داخل ہوگئی ہے۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *President Visit*

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو تین ملکوں فجی، نیوزی لینڈ اور Timor Leste کے دورے کے ایک حصے کے طور پر آج شام فجی روانہ ہوگئیں۔ اپنے دورے کے دوران وہ بھارت نژاد لوگوں کے ساتھ دو طرفہ میٹنگیں کریں گی۔ تفصیل ہمارے نامہ نگار سے .......................

Voice Cast

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو تین ملکوں کے دورے پر آج شام سات بجکر 45 منٹ پر پالم کے ایئرفورس اسٹیشن سے روانہ ہوئیں۔ بھارت کے کسی صدر کا فجی، نیو زیلینڈ اور Timor Leste کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔ اپنے ایک ہفتے کے دورے کے دوران، صدر جمہوریہ مرمو اِن ملکوں کے ساتھ بھارت کے تعلقات کو مستحکم کرنے اور وسعت دینے کیلئے دوطرفہ میٹنگیں کریں گی۔ وہ اِن تینوں ملکوں میں رہنے والے بھارت نژاد لوگوں کے ساتھ بھی خصوصی ملاقات کریں گی۔ صدر جمہوریہ کے دورے کا مقصد ان تینوں ملکوں کے ساتھ تاریخی رشتوں کو مزید مضبوط کرنا اور مشرق نواز پالیسی

کے تئیں بھارت کے عہد کا اعادہ کرنا ہے۔
اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## Chandigarh Amit Shah

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج چنڈی گڑھ میں E-Evidence، نیائے سیتو، نیائے شُرتی اور E-Summon نظام کا افتتاح کیا۔ اِن سے فوجداری نظامِ انصاف کی راہ ہموار ہوگی۔ اِس موقع پر اپنے خطاب میں جناب شاہ نے کہا کہ ملک کا فوجداری نظامِ انصاف، اَب لوگوں کو تیز رفتار اور مقررہ وقت میں انصاف فراہم کرنے میں بڑا قدم ثابت ہوگا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ نئے فوجداری قوانین نے بھارت میں برطانوی قوانین کے دور کا خاتمہ کردیا ہے اور فوجداری نظامِ انصاف کو ''پوری طرح سودیشی'' بنا دیا ہے۔ وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ یہ قوانین آئین کی روح کے عین مطابق ہیں جو عوام کو تیز رفتار انصاف فراہم کریں گے۔ جناب شاہ نے مزید کہا کہ نئے فوجداری قوانین میں 'سزا' کی بجائے 'انصاف' پر زور دیا گیا ہے۔x

## MP Nine Died

مدھیہ پردیش کے ساگر ضلع میں آج صبح ایک مندر کی دیوار منہدم ہوجانے سے 9 بچے ہلاک اور کئی دیگر زخمی ہوگئے۔ یہ سانحہ شاہ پور میں Hardaul Baba مندر میں ایک مذہبی تقریب کے دوران پیش آیا۔ ساگر کے کلکٹر دیپک آریا نے بتایا کہ زخمیوں کو نکال لیا گیا ہے اور انھیں اسپتال میں داخل کرا دیا گیا ہے۔ انھوں نے مزید بتایا کہ جائے واقعہ سے پورا ملبہ ہٹا دیا گیا ہے۔

ریاست کے وزیر اعلیٰ موہن یادو نے اُن کنبوں کیلئے گہری تعزیت کا اظہار کیا ہے جن کے معصوم بچوں کی جانیں گئی ہیں۔ انھوں نے حکومت کی طرف سے ہلاک ہونے والے بچوں کے کنبوں کیلئے چار-چار لاکھ روپئے کی مدد دیئے جانے کا اعلان کیا ہے۔x

## PM EX Gratia

وزیر اعظم نریندر مودی نے مدھیہ پردیش کے ساگر میں دیوار منہدم ہونے کے واقعے میں ہلاک ہونے والے ہرفرد کے قریبی رشتے داروں کو وزیر اعظم کے قومی امدادی فنڈ سے دو-دو لاکھ روپئے کی امداد دیئے جانے کا اعلان کیا ہے۔ زخمیوں کو پچاس-پچاس ہزار روپئے دیئے جائیں گے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ دیوار منہدم ہونے کا سانحہ اندوہناک ہے۔ انھوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی۔x

## PM Indian Dancer

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارتی کلاسیکل ڈانسر، پدم وِبھوشن ڈاکٹر یامنی کرشنا مورتی کے کنبے اور اُن کے پرستاروں کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ڈاکٹر یامنی کا کل ضعیف العمری کے سبب انتقال ہوگیا تھا وہ 84 برس کی

تھیں۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ بھارتی کلاسیکل رقص میں اُن کی مہارت اور اُس کیلئے خود کو وقف کردینے سے، نسلوں کو تحریک ملی ہے اور انھوں نے ملک کے ثقافتی منظرنامے پر ایک دائمی نقش قائم کیا ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ ڈاکٹر کرشنا مورتی نے ملک کی وراثت کو اور زیادہ مالامال بنانے کیلئے عظیم کام کیا ہے۔x

## Vishakhapatnam Fire Train Accident

وشاکھاپٹنم ریلوے اسٹیشن پر آج صبح رُکی ہوئی ایک ایکسپریس ریل گاڑی میں آگ لگ گئی۔ یہ واقعہ اُس وقت پیش آیا جب مذکورہ ریل گاڑی پلیٹ فارم نمبر چار پر رُکی ہوئی تھی۔ آگ لگنے کے بعد عہدیداروں نے تیزی سے کارروائی کرتے ہوئے مسافروں کو باہر نکالا۔ اس واقعے میں دو AC کوچ جل گئے۔ عہدیداروں نے بتایا ہے کہ کسی جانی نقصان کی کوئی خبر نہیں ملی ہے اور کوئی بھی زخمی نہیں ہوا ہے۔x

## Kerala Wayanad

کیرالہ کی وزیر صحت وینا جارج نے میڈیا سے اپیل کی ہے کہ وہ وائناڈ میں مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعہ میں بچ جانے والے بچوں سے سانحہ کی تفصیلات کے بارے میں بات نہ کریں۔

ایک فیس بک پوسٹ میں، انہوں نے کہا کہ افسوسناک واقعہ کے بارے میں بار بار بات کرنے سے، بچوں کے ذہنوں میں گہرا اثر پڑے گا اور مستقبل میں بھی انہیں مزید دماغی اور جذباتی صدمہ کی یاد ستاتی رہے گی۔ محترمہ وینا جارج نے میڈیا کو رائے دیتے ہوئے کہا کہ انہیں بچوں سے اُن کے کنبے کے دیگر ارکان، ان کے دوستوں اور تباہ شدہ اسکول کے بارے میں بات کرنے سے گریز کرنا چاہئے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بچے کی شناخت، اس کے والدین یا سرپرست کی اجازت کے بعد ہی ظاہر کرنی چاہئے۔x

## Bihar Nityanand

داخلی امور کے وزیر مملکت نتیانند رائے نے کہا کہ مرکزی بجٹ 25-2024 میں اِس طرح کی مالیاتی گنجائش موجود ہیں جن سے بہار کی ترقی کی رفتار میں تیزی آئے گی۔ پٹنہ میں آج اخباری نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے جناب رائے نے کہا کہ ریاست میں سیلاب سے نمٹنے کیلئے 11 ہزار 500 کروڑ روپے تفویض کئے گئے ہیں، جن سے ہر سال سیلاب سے تباہ ہونے والے شمالی بہار کو کافی مدد ملے گی۔

مرکزی وزیر رائے نے مزید کہا کہ مرکز نے بہار کیلئے 15 ہزار کروڑ روپے کا بلا سودی قرض بھی منظور کیا ہے جو بہار کیلئے کافی فائدہ مند ثابت ہوگا۔ x

## Vaishnaw Semiconductor

الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ آسام کے Morigaon میں ٹاٹا کے سیمی کنڈکٹر یونٹ کی تعمیر کا کام شروع ہوگیا ہے۔ نئی دلّی میں تفصیل بتاتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ یہ یونٹ

27 ہزار کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری سے قائم کیا جائے گا جس سے 15 ہزار براہِ راست اور 11 سے 13 ہزار بالواسطہ روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ مرکزی وزیر نے بتایا کہ یہ بہت بڑا سیمی کنڈکٹر پلانٹ ہوگا جو روزانہ چار کروڑ 83 لاکھ سیمی کنڈکٹر چپس تیار کرے گا۔x

## CDS Conference

دفاعی فوج کے سربراہ جنرل انل چوہان کل نئی دلّی میں فوج کی تینوں شاخوں کی، اعلیٰ سطح کی مالی معاملات سے متعلق ایک کانفرنس کی صدارت کریں گے۔ کانفرنس کا مقصد، مسلح فوجوں کے مالی معاملات میں ہم آہنگی میں اضافہ کرنا ہے اور اس میں وزارتِ دفاع کے سینئر افسران، دفاع سے متعلق کھاتوں کے کنٹرول جنرل اور دیگر شخصیتیں شرکت کریں گی۔ کانفرنس کا رابطہ کار، مربوط عملے کا صدر دفتر ہے۔ یہ کانفرنس مسلح فوجوں کو مربوط بنانے کیلئے جاری مہم کے مقاصد کے تحت منعقد کی جارہی ہے۔ کانفرنس کے دوران دفاع سے متعلق مالیات اور دفاعی سازوسامان خریدنے میں درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کے طور طریقے تلاش کرنے والے مختلف طریقوں کے نظریات کو سمجھنے کیلئے تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔دفاعی فوجوں کے مالی مشیر اور دفاعی سازوسامان کی خریداری کے ڈائریکٹر جنرل بھی، خریداری کے عمل کو تیزرفتار بنانے میں، اُن کی تنظیموں کے رول اور ابھی تک کئے گئے اقدامات پر خصوصی تقریر کریں گے۔x

## IMD Rain

بھارت کے محکمہ موسمیات نے ہوا کے کم دباؤ کے سبب مغربی مدھیہ پردیش، مشرقی راجستھان، گجرات اور مہاراشٹر میں آج کہیں کہیں انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اُدھر جموں وکشمیر، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ اور راجستھان میں بھی دور-دور تک گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے متعدل بارش ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اترپردیش میں دور دور تک اور پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور دلّی میں اِس ہفتے کے دوران کہیں کہیں بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ 6 اور 7 اگست کو اتراکھنڈ میں بھی کہیں کہیں انتہائی شدید بارش کا امکان ہے۔

مشرقی اور شمال مشرقی بھارت میں اِس ہفتے کے دوران، گرج چمک کے ساتھ دور دور تک ہلکی سے متعدل بارش ہوسکتی ہے۔اروناچل پردیش میں اِس مہینے کی 7 سے 9 تاریخ تک آسام اور میگھالیہ میں آج اور اِس مہینے کی 6 سے 9 تاریخ تک کہیں کہیں بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ، مغربی بنگال اور سکم میں بھی کل انتہائی شدید بارش کا امکان ہے۔x

## Bangladesh Curfew

بنگلہ دیش میں ڈھاکہ اور دوسرے مقامات پر مظاہرین، قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کے اراکین اور برسر اقتدار جماعت کی حمایت یافتہ تنظیموں کے اراکین کے درمیان آج ہوئی تازہ جھڑپوں میں کم از کم 55 لوگوں کی موت ہوگئی۔ اِن جھڑپوں میں سینکڑوں افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔

مزید تفصیلات ہمارے نامہ نگار سے:

## VC- Nawalsang Parmar

بنگلہ دیش میں جاری پُرتشدد مظاہروں کے دوران آج حکومت نے اتوار کے روز ڈھاکہ اور ملک کے دیگر مقامات پر شام 6 بجے سے غیر معینہ مدت کا کرفیو نافذ کر دیا ہے۔ حکومت نے عوام کی حفاظت کے نقطۂ نظر سے اگلے تین دن، پیر، منگل اور بدھ کے روز عوامی تعطیل کا بھی اعلان کر دیا ہے۔ مظاہرین نے اتوار کے روز ملک گیر عدم تعاون کی تحریک شروع کر دی ہے اور حالیہ قتل کے خلاف احتجاج کے طور پر اپنے ایک نکاتی مطالبے، ''حکومت کے استعفےٰ'' پر ڈٹے ہوئے ہیں۔ اسی دوران بنگلہ دیش کی وزیر اعظم شیخ حسینہ نے آج اتوار کی صبح اپنی رہائش گاہ ''گنو بھابن'' پر حفاظتی امور سے متعلق قومی کمیٹی کی میٹنگ منعقد کی۔

ڈھاکہ سے نَول سنگ پَرمار کی رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## Sudan Attack

سوڈان میں، شمالی دارفر کی راجدھانی El Fasher میں نیم فوجی تیز رفتار دستوں RSF کی طرف سے کئے گئے ایک بکتربند حملے میں کم سے کم 23 افراد ہلاک اور 60 زخمی ہوگئے۔ مقامی خبروں کے مطابق، RSF نے کُل El Fasher کے جنوبی علاقے میں Tambasi صحت مرکز پر حملہ کیا۔ El Fasher میں سوڈان کی مسلح فوجوں SAF اور RSF کے درمیان، 10 مئی سے زبردست جھڑپیں چل رہی ہیں۔

سوڈان میں، ایک سال سے بھی زیادہ عرصے سے خانہ جنگی چل رہی ہے، جس میں فوج، ایک نیم فوجی طاقتور گروپ RSF سے لڑ رہی ہے۔

یہ گروپ کبھی سوڈان کی حکومت کے تحت کام کرتا تھا لیکن فوج کے جنرل عبدالفتح البرہان اور RSF کے رہنما محمد حمدان دَگالو کے درمیان تنازع کے سبب حکومت سے الگ ہوگیا تھا۔ اس جان لیوا لڑائی میں ابھی تک کم سے کم 16 ہزار 650 لوگ ہلاک ہوچکے ہیں۔x

## US UK Citizen

امریکہ اور برطانیہ نے اپنے شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اسرائیل اور حزب اللہ اور وسیع سرحدی جنگ کے خدشے کے بیچ لبنان سے فوری طور پر نکل جائیں۔ لبنان میں امریکی سفارت خانہ نے کہا ہے کہ حالانکہ کچھ ایئرلائنز نے ملک میں پروازیں معطل کردی ہیں۔ تاہم پروازیں اب بھی دستیاب ہیں اور شہری مشرق وسطیٰ کے ملک چھوڑنے کیلئے دستیاب کوئی سی بھی پرواز بک کرسکتے ہیں۔ سویڈن ایسا پہلا ملک ہے جس نے بڑھتی ہوئی کشیدگی کے خدشے کے پیش نظر بیروت میں اپنا سفارت خانہ بند کردیا ہے۔x

## South Korea Heat Deaths

جنوبی کوریا سخت گرمی کی گرفت میں ہے۔ وہاں اِس ہفتے گرمی سے وابستہ بیماریوں کیلئے اسپتالوں میں تقریباً 400 لوگوں کا علاج کیا گیا ہے۔ حکومت کی طرف سے آج جاری اعداد وشمار کے مطابق ملک بھر کے 507 اسپتالوں

نے پیر سے جمعہ کے درمیان گرمی سے وابستہ بیماریوں کیلئے 384 مریضوں کا علاج کرنے کی خبر دی ہے۔ ایجنسی نے خبر دی ہے کہ اس مدت کے دوران کم سے کم 11 افراد کی جانیں گئی ہیں، جس کے بارے میں شبہ ہے کہ یہ اموات شدید گرمی کی وجہ سے ہوئی ہیں۔ برسات کا موسم ختم ہونے کے بعد ایک ہفتے سے ملک میں سخت گرمی پڑ رہی ہے اور بہت سے حصوں میں درجہ حرارت 33 ڈگری سیلسیس سے اوپر چل رہا ہے۔x

## with AAD Olympics

پیرس اولمپکس میں بھارت کی ہاکی ٹیم، پنلٹی شوٹ آؤٹ میں برطانیہ کو چار- دو سے ہراکر سیمی فائنل میں داخل ہوگئی ہے۔ البتہ بیڈمنٹن میں بھارت کے سرکردہ کھلاڑی لکشیہ سین، سیمی فائنل میں ہار گئے۔ لکشیہ سین پہلے گیم میں اپنی اچھی کارکردگی کے باوجود بیں- بائیس سے شکست کھا گئے، جبکہ دوسرے گیم میں انھوں نے چھ- صفر سے جیت حاصل کی تھی۔ البتہ اب وہ کانسے کے تمغے کیلئے، ملیشیا کے Lee Zii jia کے ساتھ کھیلیں گے۔

مکے بازی میں Lovlina Borgohain خواتین کے 75 کلوگرام کے زمرے میں کوارٹر فائنل میں ہار گئیں۔ انھوں نے چین کی Li Qian کے ہاتھوں شکست کھائی۔نشانے باز وجے ویر سدھو اور Anish Bhanwala نے 25 میٹر کی، مردوں کی ریپیڈ فائر پسٹل کے پہلے مرحلے میں کوالیفائی کرلیا ہے۔

ایتھلیٹکس میں پارُل چودھری تین ہزار میٹر کی steeplechase مقابلے میں آٹھویں نمبر پر رہیں۔

پیرس اولمپک میں سربیا کے نوواک جوکووچ نے سونے کا تمغہ جیتا ہے اور گولڈ Slam مکمل کرلیا ہے۔ انھوں نے مردوں کے ٹینس سنگلز کے فائنل میں اسپین کے Carlos Alcaraz کو سات-چھ، سات-چھ سے ہرایا۔ نوواک جوکووچ اولمپک ٹینس مقابلے میں 1988 کے بعد 37 سال کی عمر میں سونے کا تمغہ جیتنے والے سب سے عمررسیدہ کھلاڑی بن گئے ہیں۔ٹینس کی تاریخ میں سبھی چار گرینڈ Slam خطاب اور سونے کا ایک تمغہ جیت کر گولڈن Slam مکمل کرنے والے وہ پانچویں کھلاڑی بن گئے ہیں۔ اس سے پہلے، یہ کارنامہ Steffi Graff، آندرے اگاسی، رافیل ندال اور سرینا ولیمس نے انجام دیا۔

## EVE Cricket

مردوں کے کرکٹ میں، تین میچوں کی سیریز کا دوسرا ایک روزہ بین الاقوامی میچ بھارت اور سری لنکا کے درمیان جاری ہے۔ یہ میچ کولمبو کے پریم داسا اسٹیڈیم میں کھیلا جارہا ہے۔241 رن کے ہدف کا پیچھا کرتے ہوئے تازہ خبریں ملنے تک بھارت نے 35 اوورس میں 8 وکٹ کے نقصان پر 190 رن بنائے ہیں۔اِس سے قبل، پہلے بلے بازی کرتے ہوئے میزبان سری لنکا نے 50 اوورس میں 9 وکٹ کے نقصان پر 240 رن بنائے۔

اِس سیریز کا پہلا میچ برابری پر ختم ہوا تھا۔ اِس لئے دونوں ٹیمیں آج کا میچ جیتنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ دوسری طرف مہمان ٹیم ایک روزہ بین الاقوامی میچ کی ایک اور سیریز جیتنے کی کوشش کرے گی۔

نئے مقرر کردہ ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر کی زیر قیادت بھارتی ٹیم کی یہ پہلی ODI سیریز ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆